# مارچ 2024ء میں کاشتکاروں کے لیے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ فروری میں پنجاب، گلگت بلتستان، کشمیر اور خیبر پختونخواہ کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے قدرے کم بارشیں ہوئیں جس کی وجہ سے یہاں فصلوں کو آبپاشی کی ضرورت رہی ۔ جبکہ مہینے کے آخری آیام میں سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں معمول سے کافی زیادہ بارشیں ہوئیں۔ مارچ کے مہینے میں درجہ حرارت بدرجہ بڑھتی ہیں۔ مارچ 2024 میں ملک بھر کے زیادہ تر زرعی میدانوں میں معمول سے قدرے زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔ اس مہینے کے دوران سندھ اور جنوبی پنجاب کے میدانوں میں گندم کی فصل مکمل طور پر پکنے کے بعد کٹائی /گہائی کے مراحل میں ہو گی. نتیجتاًان مراحل میں انتہائی احتیاط درکار ہو گی. جبکہ بالائی علاقوں کے لئے یہ فائدہ مند ہو سکتی ہیں کیونکہ وہاں فصل بیج بنانے کے مراحل میں ہو نگی۔

**مارچ کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔**

۱۔ کسی بھی بیماری یا زہریلے کیڑوں کے حملے کی صورت میں کسان حضرات کو تاکید کی جاتی ہے کہ محکمہ زراعت کے منظور کردہ کیڑے مار اسپرے کر کے فصل کو نقصان سے بچائیں۔

۲۔ مارچ کے مہینے میں درجہ حرارت فروری کی نسبت کافی بڑھ جائیں گے اور درجہ حرارت کے بڑھنے سے فصل کی نشوونما بھی بڑھ جاتی ہے۔ پہاڑی علاقوں میں شدید سردی کی وجہ سے گندم کی فصل کی نشوونماسست ہو رہی تھی جو اب بہتر ہو جائے گی۔ کوئٹہ جیسے بلند زرعی میدانوں میں گندم فروری کے مہینے میں بوٹا کرنے کے مرحلے میں تھی جو کہ مارچ کے مہینے میں تنابنانے کے مرحلے میں داخل ہو جائے گی۔۔

۳۔ بارشوں کی وجہ سے جڑی بوٹیاں کے اگنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ تاہم جڑی بوٹی فصل کے پودوں سے عموماًزیادہ پانی استعمال کرتی ہیں اس لئے جڑی بوٹیوں کا کھیت سے خاتمہ اشد ضروری ہے۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے محکمہ زراعت کی سفارش کردہ مختلف کیمیائی ادویات استعمال کی جاسکتی ہیں۔ اگر کیمیائی طریقے سے ممکن نہ ہو تو ہاتھ سے جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ ماہرین زراعت اگر کھاد کے استعمال کا مشورہ دیں تو بارانی علاقوں کے کاشتکار جڑی بوٹی کا خاتمہ کر کے بارش کی پیشگوئی سے ایک دن قبل کھیتوں میں کھاد ڈال دیں۔

۴۔ زراعت کی کامیابی میں موسمی حالات کا بہت عمل دخل ہے اور بہتر حکمت عملی سے غیر موزوں موسمی حالات سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کو ملحوظ خاطر رکھ کر محکمہ زراعت کے ماہرین کی مشاورت سے اپنے معمولات طے کریں تو پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔ موسمی حالات سے متعلق مزید معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ جن کا پتہ درج ذیل ہے۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔ او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔ او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر: 4- 9250363 -051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔ فون نمبر: 022-9250558

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211211

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ www.pmd..gov.pk ملاحظہ فرمائیں۔